سُورَۃُ الرُّوم

مشقی کثیر الانتخابی سوالات

www.ilmkidunya.com

سوال نمبر1۔ درست جواب کی نشان دہی کریں۔

1۔ سورۃ الروم میں غالب آنے کی پیشین گوئی کی گئی: 091110001

(الف) ایرانیوں کے (ب) عربوں کے (ج) رومیوں کے (د) یہودیوں کے

2۔ جس دن رومیوں کو فتح نصیب ہوئی اسی دن مسلمانوں کو فتح نصیب ہوئی: 091110002

(الف) جنگ موتہ میں (ب) غزوۂ خندق میں (ج) فتح مکہ کی صورت میں (د) غزوۂ بدر میں

3۔ اللہ تعالیٰ کے نزدیک مال بڑھتا ہے: 091110003

(الف) حفاظت کرنے سے (ب) زکوٰۃ دینے سے (ج) جمع کرنے سے (د) اولاد پر خرچ کرنے سے

4۔ سورۃ الروم کا آغاز ہوتا ہے: 091110004

(الف) اَلْحَمْدُ سے (ب) حروفِ مقطعات سے (ج) تسبیح سے (د) قُلْ سے

5۔ قرآنِ مجید میں پچھلی نافرمان قوموں کا ذکر ہے: 091110005

(الف) تاریخی معلومات کے لیے (ب) نافرمانی سے بچانے کے لیے

(ج) آثارِ قدیمہ کی پہچان کے لیے (د) تینوں کے لیے

اضافی کثیر الانتخابی سوالات

6۔ سورۃ الروم ہے: 091110006

(الف) مکی سورت (ب) مدنی سورت (ج) حجازی سورت (د) منفرد سورت

7۔ سورۃ الروم کی آیات ہیں: 091110007

(الف) 135 (ب) 60 (ج) 77 (د) 69

8۔ سورۃ الروم کی آیت میں روم کے مغلوب ہونے کی خبر ہے: 091110008

(الف) پہلی (ب) دوسری (ج) تیسری (د) چوتھی

9۔ سورۃ الروم کی آیت میں روم کے غالب آنے کی خبر ہے: 091110009

(الف) پہلی (ب) دوسری (ج) تیسری (د) چوتھی

10۔ سورۃ الروم کی ابتدا میں کی گئی پیشین گوئیوں کی تعداد ہے: 091110010

(الف) ایک (ب) دو (ج) تین (د) چار

091110011

11۔ رومیوں کو شکست دی تھی:

(الف) مجوسیوں نے (ب) ایرانیوں نے (ج) صابیوں نے (د) یہودیوں نے

091110012

12۔ اہل کتاب رومی تھے:

(الف) مسیحی (ب) یہودی (ج) مشرک (د) مجوسی

091110013

13۔ سورۃ الروم کا آغاز بھی کس سورت کی طرح حروف مقطعات سے ہوتا ہے:

(الف) سورۃ البقرہ کی طرح (ب) سورۃ الشعراء کی طرح (ج) سورۃ النمل کی طرح (د) سورۃ الفرقان کی طرح

091110014

14۔ مسلمانوں کو ہمدردی تھی:

(الف) یہودیوں سے (ب) رومیوں سے (ج) ایرانیوں سے (د) کافروں سے

091110015

15۔ اہل کتاب ایرانیوں کا مذہب تھا:

(الف) آتش پرستی (ب) بت پرستی (ج) چاند پرستی (د) اسلام

091110016

16۔ مشرکین مکہ ہمدردی رکھتے تھے:

(الف) رومیوں سے (ب) ایرانیوں سے (ج) یہودیوں سے (د) کافروں سے

091110017

17۔ اللہ تعالیٰ نے اپنی قدرت سے فتح عطا فرمائی:

(الف) رومیوں کو ایرانیوں پر (ب) ایرانیوں کو رومیوں پر (ج) عربوں کو مسلمانوں پر (د) منافقین کو رومیوں پر

091110018

18۔ رومیوں کے لیے خوشی کا دن تھا:

(الف) جنگ کا دن (ب) فتح کا دن (ج) حکومت کا دن (د) مغلوب ہونے کا دن

091110019

19۔ سورۃ الروم میں اللہ تعالیٰ کی دوسری پیشین گوئی کس طرح پوری ہوئی؟

(الف) ہجرت مدینہ سے (ب) فتح مکہ سے (ج) غزوۂ بدر کی فتح سے (د) غزوۂ احد کی فتح سے

091110020

20۔ سورۃ الروم کی پیشین گوئی ثابت ہوئی:

(الف) ایک حقیقت (ب) ایک معجزہ (ج) ایک نشانی (د) اللہ کا فضل

091110021

21۔ سورۃ الروم کی پیشین گوئی مسلمانوں کے لیے بات تھی:

(الف) دکھ اور غم کی (ب) افسوس کی (ج) خوشی اور حوصلہ افزائی کی (د) راز کی

091110022

22۔ سورۃ الروم میں دلائل دیے گئے ہیں:

(الف) بت پرستی کی نفی کے (ب) رسالت کے (ج) آخرت کے (د) قیامت اور توحید باری تعالیٰ کے

091110023

23۔ سورۃ الروم میں مذمت کی گئی ہے:

(الف) شرک کی (ب) ظلم کی (ج) جھوٹ کی (د) برائی کی

www.ilmkidunya.com

24- دین فطرت ہے:
091110024
(الف) مسیحیت (ب) یہودیت (ج) مجوسیت (د) اسلام

25- سورۃ الروم کے آخر میں کس کی ہٹ دھرمی اور برے انجام کا ذکر ہے؟
091110025
(الف) نافرمانوں کی (ب) کافروں کی (ج) منافقین کی (د) مشرکین کی

26- قرآن مجید میں پچھلی قوموں کا ذکر کیا گیا ہے ہمیں بچانے کے لیے:
091110026
(الف) ظلم وستم سے (ب) اللہ تعالیٰ کی نافرمانی سے (ج) برائی سے (د) برے لوگوں کی دوستی سے

27- اللہ تعالیٰ بارش سے زندہ کرتا ہے:
091110027
(الف) پودوں کو (ب) مردہ زمین کو (ج) بیج کو (د) انسانوں کو

28- باہمی محبت اور راحت پانے کا ذریعہ ہے:
091110028
(الف) اولاد کا رشتہ (ب) والدین کا رشتہ (ج) دوستوں کا رشتہ (د) میاں بیوی کا رشتہ

29- اللہ تعالیٰ کے نزدیک مال گھٹتا ہے:
091110029
(الف) سود سے (ب) زکوٰۃ سے (ج) خرچ کرنے سے (د) صدقہ کرنے سے

30- اللہ کے نزدیک مال زیادہ ہے:
091110030
(الف) سود سے (ب) زکوٰۃ سے (ج) خرچ کرنے سے (د) روک کر رکھنے سے

31- خشکی اور تری میں فساد برپا ہونا نتیجہ ہوتا ہے:
091110031
(الف) لڑائی جھگڑے کا (ب) انسانوں کے برے اعمال کا (ج) جھوٹ بولنے کا (د) بدکاری کا

جوابات:

1	ج	2	د	3	ب	4	ب	5	ب
6	الف	7	ب	8	ب	9	ج	10	ب
11	ب	12	الف	13	الف	14	ب	15	الف
16	ب	17	الف	18	ب	19	ج	20	ب
21	ج	22	د	23	الف	24	د	25	الف
26	ب	27	ب	28	د	29	الف	30	ب
31	ب								

www.ilmkidunya.com

مشقی مختصر سوالات

سوال نمبر 2۔ مختصر جواب دیجیے۔

س1۔ سورۃ الروم کو یہ نام کیوں دیا گیا؟ 091110032

جواب: سورۃ الروم کی دوسری آیت میں روم کے مغلوب ہونے اور تیسری آیت میں ان کے پھر سے غالب آنے کی خبر ہے۔ اسی مناسبت سے اس کا نام سورۃ الروم رکھا گیا ہے۔

س2۔ سورۃ الروم کا خلاصہ لکھیے۔ 091110033

جواب: سورۃ الروم کا خلاصہ ''اسلام کی صداقت کا بیان اور انسانوں کی کردار سازی'' ہے۔

س3۔ سورۃ الروم کے اہم علمی و عملی نکات میں سے دو تحریر کیجیے۔ 091110034

جواب: (i) میاں بیوی کا رشتہ باہمی محبت اور ایک دوسرے سے راحت پانے کا ذریعہ ہے۔ (سورۃ الروم:21)

(ii) اللہ تعالیٰ کے نزدیک سود سے مال گھٹتا ہے اور زکوٰۃ سے مال بڑھتا ہے۔ (سورۃ الروم:39)

س4۔ سورۃ الروم میں کس بات کی پیشین گوئی کی گئی تھی؟ 091110035

جواب: سورۃ الروم میں پیشین گوئی رومیوں کے دوبارہ غالب آنے کی تھی، جنھیں ایرانیوں نے ایک بڑی شکست دی تھی اور دوسری پیشین گوئی اللہ تعالیٰ نے یہ فرمائی کہ رومیوں کی فتح کا دن مسلمانوں کے لیے خوشی کا دن ہوگا۔ چھ سالوں کے بعد غزوہ بدر کی فتح نے اس پیشین گوئی کو پورا کر دکھایا۔

اضافی مختصر سوالات

س5۔ سورۃ الروم مکی ہے یا مدنی نیز اس کی کتنی آیات ہیں؟ 091110036

جواب: سورۃ الروم مکی سورت ہے۔ اس میں ساٹھ (60) آیات ہیں۔

س6۔ سورۃ الروم کا آغاز کس سورت کی طرح حروف مقطعات ''الٓمٓ'' سے ہوتا ہے؟ 091110037

جواب: سورۃ البقرۃ کی طرح سورۃ الروم کا آغاز بھی حروف مقطعات میں سے ''الٓمٓ'' سے ہوتا ہے۔

س7۔ سورۃ الروم میں کس کے مغلوب ہونے اور کس کے غالب آنے کی خبر ہے؟ 091110038

جواب: سورۃ الروم میں پہلے رومیوں کے مغلوب ہونے اور ان کے پھر غالب آنے کی خبر ہے۔

س8۔ سورۃ الروم کی پیشین گوئیوں کا سچا ہونا کس بات کی دلیل بنیں؟ 091110039

جواب: سورۃ الروم کی ابتدا میں اللہ تعالیٰ نے دو پیشین گوئیاں فرمائیں جو چند ہی سالوں میں پوری ہو گئیں اور اس بات کی دلیل بنیں کہ قرآن مجید اللہ تعالیٰ کا سچا کلام ہے۔

س9۔ رومی کس مذہب سے تعلق رکھتے تھے؟ 091110040

جواب: رومی اہل کتاب مسیحی تھے۔

س10۔ مسلمانوں کو کس سے ہمدردی تھی؟ 091110041

جواب: مسلمانوں کو رومیوں سے ہمدردی تھی۔

www.ilmkidunya.com

091110042 س11۔ ایرانی کس مذہب سے تعلق رکھتے تھے؟
جواب: ایرانی آتش پرست تھے یعنی وہ آگ کی پوجا کرتے تھے۔
091110043 س12۔ مشرکین مکہ کس سے ہمدردی رکھتے تھے؟
جواب: مشرکین مکہ ایرانیوں سے ہمدردی رکھتے تھے۔
091110044 س13۔ رومیوں کو ایرانیوں پر کیسے فتح عطا فرمائی؟
جواب: ظاہری حالات بتا رہے تھے کہ ایرانیوں کا رومیوں سے شکست کھانا ناممکن ہے لیکن اللہ تعالیٰ نے اپنی قدرت سے رومیوں کو ایرانیوں پر فتح عطا فرمائی۔
091110045 س14۔ پہلی پیشین گوئی کیا تھی؟
جواب: پہلی پیشین گوئی رومیوں کے دوبارہ غالب آنے کی تھی۔
091110046 س15۔ دوسری پیشین گوئی کیا تھی؟
جواب: دوسری پیشین گوئی اللہ تعالیٰ نے یہ فرمائی کہ رومیوں کی فتح کا دن مسلمانوں کے لیے بھی خوشی کا دن ہوگا۔ کچھ سالوں بعد غزوۂ بدر کی فتح نے اس پیشین گوئی کو پورا کر دکھایا۔
091110047 س16۔ کس دن مسلمانوں کو میدان بدر میں فتح حاصل ہوئی؟
جواب: جس دن رومیوں کو فتح ہوئی اسی دن مسلمانوں کو میدانِ بدر میں فتح حاصل ہوئی۔
091110048 س17۔ سورۃ الروم کے آغاز میں مسلمانوں کے لیے خوشی اور حوصلہ افزائی کیا بات بیان ہوئی؟
جواب: سورۃ الروم کا آغاز اس پیشین گوئی سے ہوتا ہے جو ایک معجزہ ثابت ہوئی اور قرآن مجید کی صداقت کی دلیل بنی۔ اس پیشین گوئی کا پورا ہونا مسلمانوں کے لیے بہت خوشی اور حوصلہ افزائی کی بات تھی۔
091110049 س18۔ سورۃ الروم میں کن عقائد کے دلائل اور مذمت بیان کی گئی ہے؟
جواب: سورۃ الروم میں قیامت اور توحید باری تعالیٰ کے دلائل دیے گئے ہیں اور شرک کی مذمت کی گئی ہے۔
091110050 س19۔ سورۃ الروم میں کس کے دین فطرت ہونے کا تذکرہ کیا گیا ہے؟
جواب: سورۃ الروم میں اسلام کے دین فطرت ہونے کا تذکرہ کیا گیا ہے۔
091110051 س20۔ سورۃ الروم کے آخر میں کن کے بُرے انجام سے ڈرایا گیا ہے؟
جواب: اس سورت کے آخر میں نافرمانوں کی ہٹ دھرمی اور ان کے بُرے انجام سے ڈرایا گیا ہے۔
091110052 س21۔ قرآن مجید میں پچھلی قوموں کا کیوں تذکرہ ہوا ہے؟
جواب: قرآن مجید میں پچھلی نافرمان قوموں کا ذکر ہمیں اللہ تعالیٰ کی نافرمانی سے بچانے کے لیے کیا گیا ہے۔
091110053 س22۔ سورۃ الروم میں آخرت میں زندہ اُٹھانے کی کیا دلیل دی گئی ہے؟
جواب: سورۃ الروم میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: ”جو اللہ تعالیٰ بارش برسا کر مردہ زمین کو زندہ کر سکتا ہے وہی اللہ تعالیٰ مردہ انسان کو بھی زندہ کر سکتا ہے۔

www.ilmkidunya.com

091110054
23۔ سورۃ الروم میں میاں بیوی کا کیسا تعلق بیان ہوا ہے؟
جواب: سورۃ الروم میں بتایا گیا ہے کہ میاں بیوی کا رشتہ باہمی محبت اور ایک دوسرے سے راحت پانے کا ذریعہ ہے۔

091110055
24۔ سورۃ الروم میں اللہ تعالیٰ کو راضی کرنے کا کیا ذریعہ بتایا گیا ہے؟
جواب: رشتہ داروں، مسکینوں اور مسافروں کے ساتھ حسنِ سلوک کرنا اللہ تعالیٰ کو راضی کرنے کا ذریعہ ہے۔

091110056
25۔ اللہ تعالیٰ نے سورۃ الروم میں زکوٰۃ اور سود کے متعلق کیا فرمایا ہے؟
جواب: اللہ تعالیٰ کے نزدیک سود سے مال گھٹتا ہے اور زکوٰۃ سے مال بڑھتا ہے۔

091110057
26۔ خشکی اور تری میں فساد ہونا کس کا نتیجہ ہوتا ہے؟
جواب: خشکی اور تری میں فساد برپا ہونا انسانوں کے بُرے اعمال کا نتیجہ ہے۔

091110058
27۔ سورۃ الروم کے کوئی سے دو مضامین لکھیں۔
جواب: (i) سورۃ الروم کی پیشین گوئیاں قرآن مجید کی صداقت کی دلیل بنیں۔
(ii) سورۃ الروم میں اسلام کے دینِ فطرت ہونے کا تذکرہ کیا گیا ہے۔

مشقی تفصیلی سوالات

تفصیلی جواب دیجیے۔

091110059
سوال نمبر3۔ سورۃ الروم پر ایک مفصل مضمون تحریر کیجیے۔ "یا" سورۃ الروم کا تعارف، مضامین اور اہم نکات تحریر کریں۔

تعارف

مکی/مدنی:

سورۃ الروم مکی سورت ہے۔

آیات:

اس میں ساٹھ (60) آیات ہیں۔

وجہ تسمیہ:

سورۃ الروم کی دوسری آیت میں روم کے مغلوب ہونے اور تیسری آیت میں ان کے پھر سے غالب آنے کی خبر ہے۔ اسی مناسبت سے اس کا نام سورۃ الروم رکھا گیا ہے۔

سورۃ البقرہ سے مشابہت:

سورۃ البقرہ کی طرح سورۃ الروم کا آغاز بھی حروف مقطعات میں سے الٓمّٓ سے ہوتا ہے۔

قرآن مجید اللہ تعالیٰ کا سچا کلام:

سورۃ الروم کی ابتدا میں اللہ تعالیٰ نے دو پیشین گوئیاں فرمائیں جو چند ہی سالوں میں پوری ہو گئیں اور اس بات کی دلیل بنیں کہ قرآن مجید اللہ تعالیٰ کا سچا کلام ہے۔

www.ilmkidunya.com

پہلی پیشین گوئی:

پہلی پیشین گوئی رومیوں کے دوبارہ غالب آنے کی تھی، جنھیں ایرانیوں نے ایک بڑی شکست دی تھی۔ رومی اہل کتاب مسیحی تھے اور مسلمانوں کو ان رومیوں سے ہمدردی تھی، جب کہ ایرانی آتش پرست تھے یعنی وہ آگ کی پوجا کرتے تھے۔ مشرکین مکہ ایرانیوں سے ہمدردی رکھتے تھے۔ ظاہری حالات بتا رہے تھے کہ ایرانیوں کا رومیوں سے شکست کھانا ناممکن ہے لیکن اللہ تعالیٰ نے اپنی قدرت سے رومیوں کو ایرانیوں پر فتح عطا فرمائی۔

دوسری پیشین گوئی:

دوسری پیشین گوئی اللہ تعالیٰ نے یہ فرمائی کہ رومیوں کی فتح کا دن مسلمانوں کے لیے بھی خوشی کا دن ہوگا۔ کچھ سالوں بعد غزوۂ بدر کی فتح نے اس پیشین گوئی کو پورا کر دکھایا۔ کیوں کہ جس دن رومیوں کو فتح ہوئی اسی دن مسلمانوں کو میدانِ بدر میں فتح حاصل ہوئی۔

خلاصہ:

سورۃ الروم کا خلاصہ ''اسلام کی صداقت کا بیان اور انسانوں کی کردار سازی'' ہے۔

مضامین

سورۃ الروم کا آغاز/قرآنِ مجید کی صداقت:

سورۃ الروم کا آغاز اس پیشین گوئی سے ہوتا ہے جو ایک معجزہ ثابت ہوئی اور قرآنِ مجید کی صداقت کی دلیل بنی۔ اس پیشین گوئی کا پورا ہونا مسلمانوں کے لیے بہت خوشی اور حوصلہ افزائی کی بات تھی۔

اسلامی عقائد کے دلائل:

سورۃ الروم میں قیامت اور توحید باری تعالیٰ کے دلائل دیے گئے ہیں۔

سورۃ الروم میں شرک کی مذمت:

شرک کی مذمت کی گئی ہے۔

حقوق العباد اور دین فطرت:

اللہ تعالیٰ اور بندوں کے حقوق بیان کیے گئے ہیں۔ انسانی زندگی کے مختلف مراحل اور اسلام کے دین فطرت ہونے کا تذکرہ کیا گیا ہے۔

سورت کا اختتام:

سورت کے آخر میں نافرمانوں کی ہٹ دھرمی اور ان کے برے انجام کا ذکر کیا گیا ہے۔

علمی و عملی نکات

سورۃ الروم کا مطالعہ کرنے سے جو علمی و عملی نکات معلوم ہوتے ہیں، ان میں سے کچھ یہ ہیں:

کائنات پر غور و فکر:

فنا ہو جانے والی کائنات پر غور و فکر انسان کو آخرت کا یقین دلاتا ہے۔ (سورۃ الروم: 5-4)

www.ilmkidunya.com

نافرمان قوموں کا ذکر:

قرآن مجید میں پچھلی نافرمان قوموں کا ذکر ہمیں اللہ تعالیٰ کی نافرمانی سے بچانے کے لیے کیا گیا ہے۔ (سورۃ الروم:9-10)

آخرت کی دلیل:

جو اللہ تعالیٰ بارش برسا کر مردہ زمین کو زندہ کر سکتا ہے وہی اللہ تعالیٰ مردہ انسان کو بھی زندہ کر سکتا ہے۔ (سورۃ الروم:19-25-50)

میاں بیوی کا باہمی رشتہ:

میاں بیوی کا رشتہ باہمی محبت اور ایک دوسرے سے راحت پانے کا ذریعہ ہے۔ (سورۃ الروم:21)

اللہ تعالیٰ کی رضا کا ذریعہ:

رشتہ داروں، مسکینوں اور مسافروں کے ساتھ حسن سلوک کرنا اللہ تعالیٰ کو راضی کرنے کا ذریعہ ہے۔ (سورۃ الروم:38)

سود اور زکوٰۃ:

اللہ تعالیٰ کے نزدیک سود سے مال گھٹتا ہے اور زکوٰۃ سے مال بڑھتا ہے۔ (سورۃ الروم:39)

بُرے اعمال کا نتیجہ:

خشکی اور تری میں فساد برپا ہونا انسانوں کے برے اعمال کا نتیجہ ہے۔ (سورۃ الروم:41)

www.ilmkidunya.com